نیسلے پاکستان کی طرف سے پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائیٹی کیلئے 5 ملین روپے کا عطیہ

لاہور: 20 دسمبر، 2023: نیسلے پاکستان نے کریٹنگ شیئرڈ ویلیو کے اپنے فلسفہ کے تحت پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائیٹی (پی آر سی ایس) کو 5 ملین روپے عطیہ کئے ہیں جسے سماجی فلاح و بہبود، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور ریلیف کے کاموں میں استعمال کیا جائے گا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نیسلے پاکستان کے سی ای او جیسن آوانسینا نے کہا ''پی آر سی ایس کے ساتھ ہمارے اشتراک نے گزشتہ سالوں میں کئی اشکال اختیار کی ہیں۔ چاہے خون کے عطیات کے کیمپوں کا انعقاد ہو یا کوویڈ 19 کی وبا سے نمٹنے کیلئے شراکت داری ہو، ہم نے فرسٹ ایڈ اور ہنگامی امداد کی فراہمی میں پی آر سی ایس کی مثالی موجودگی اور مہارت پہ انحصار کیا ہے۔''

انہوں نے کہا ''ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہم جن علاقوں میں آپریٹ کرتے ہیں وہاں کے لوگوں کی فلاح و بہبود اور ترقی میں کردار ادا کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ یہ عطیہ پی آر سی ایس کو ان کے نیک کام میں معاونت فراہم کرنے کے ہمارے عزم کا ثبوت ہے۔ نیسلے پاکستان کریٹنگ شیئرڈ ویلیو کے فلسفہ پر یقین رکھتا ہے جہاں ہم معاشرے میں مثبت اثرات مرتب کرنے کے مقصد کیلئے اجتماعی طور پر کام کرتے ہیں۔''

پی آر سی ایس کے چیئرمین سردار شاہد احمد لغاری نے کہا ''ہم فراخدلانہ عطیہ کرنے پر نیسلے پاکستان کے بہت شکر گزار ہیں۔ یہ عطیہ قدرتی آفات سے متاثر افراد کی مشکلات کے خاتمے میں ہماری کوششوں میں دور رس ثابت ہوگا۔ ہم کریٹنگ شیئرڈ ویلیو کیلئے نیسلے پاکستان کے عزم اور ہمارے معاشرے کے کمزور افراد کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے لگن کو سراہتے ہیں۔''

نیسلے کا رضاکار پروگرام ''نیسلے کیئرز'' بلواسطہ اور بلاواسطہ شمولیت کے ذریعے پسماندہ طبقات کو مختلف سرگرمیوں میں مصروف عمل کرتے ہوئے انہیں معاونت فراہم کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ نیسلے کمزور اور پسماندہ طبقات کو جب بھی ضرورت ہوئی فعال انداز میں معاونت اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کرتا آرہا ہے۔ نیسلے پائیداری، کیمونٹی کی ترقی اور سماجی بہبود کو فروغ دینے میں اپنا فعال کردار جاری رکھے ہوئے ہے۔

نیسلے پاکستان مختلف طریقوں سے طبقات کی بہتری کیلئے اقدامات کرتا ہے۔ کمپنی مختلف شہروں میں اپنی مینوفیکچرنگ سائیٹس کے اردگرد سات واٹر فلٹریشن پلانٹس کے ذریعے تقریباً 72,000 افراد کو پینے کا صاف پانی مہیا کر رہی ہے۔ نیسلے نے گزشتہ سال تمام عمر کے افراد کو ویلیو ایڈڈ غذائیت سے بھرپور 2.49 بلین صحت بخش سرونگز فراہم کی۔

اس کے علاوہ نیسلے فار ہیلتھیئر کڈز (N4HK) پروگرام غذائیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے نیسلے کا عالمی پروگرام ہے جس کے تحت نصاب پر مشتمل تعلیمی پروگرام کے ذریعے بچوں کو صحت مند طرز زندگی کی ترغیب دینے کیلئے 360,000 طالب علموں اور 2200 اساتذہ تک رسائی کی گئی۔

نیسلے کا گلوبل ہیڈکوارٹرز سویٹزر لینڈ میں ہے، نیسلے گزشتہ 35 سال سے پاکستان میں کاروبار کر رہا ہے۔ نیسلے کو اپنے صارفین کیلئے مقامی سطح پر مصنوعات کی تیاری پر فخر ہے۔